# PRESS RELEASE

For immediate release
March 31, 2021

**SECP issues Circular enabling Startups to raise Capital against Property & Other Assets**

**ISLAMABAD, March 31:** With the foremost aim to support entrepreneurship and improve business climate for small businesses, particularly startups and potential investors, SECP issued a circular explicitly allowing private companies to raise capital by receiving immovable property, intangible assets and services from investors.

SECP also clarified that the private companies can raise funds from investors other than their existing shareholders to finance their working capital requirements, potential products and services linked with technological advancements & their growth. It will expand access-to-finance net and the overall outreach for startups by enabling them to attract investment from a wider group of investors and in the form of assets, instead of only in cash. This will also substantially benefit the association of persons or partnerships forming a company to transfer their assets to a company and raise equity.

The circular has been issued to bring-in the desired clarity with regard to section 83 of the Companies Act, 2017, allowing all companies, private and public, to issue shares by way of right either for cash or a consideration otherwise than in cash, subject to compliance with section 70 of the Act, and enabling private companies to raise equity from outside their existing members.
This step has been taken in light of the needs of the startups and emerging global trends, whereby jurisdictions such as New Zealand and Malaysia that have top DB rankings have already implemented such reforms.

The SECP stands committed to creating a business environment that helps foster business growth and expansion, and continues to remove regulatory barriers to make doing business easier in the country.

**ایس ای سی پی نے کمپنیوں اور سٹارٹ اپ کو پراپرٹی اور دیگر اثاثوں کے عوض سرمائے حاصل کرنے کی اجازت دے دی**

اسلام آباد (مارچ 31) پاکستان میں چھوٹے کاروبار اور سٹارٹ اپز کے لئے کاروباری مقاصد کے لئے سرمائے کے حصول کو سہل بنانے کے پیش نظر، سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے کمپنیوں کو اپنے شراکت داروں سے پراپرٹی اور دیگر اثاثہ جات کی صورت میں سرمایہ کاری وصول کرنے کی اجازت دے دی ہے۔اس سلسلے میں کمیشن نے سرکلر جاری کر دیا گیا ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005

ایس ای سی پی کی جانب سے جاری سرکلر میں کہا گیا ہے کہ پرائیویٹ کمپنیاں اپنا ورکنگ کیپیٹل میں اضافے، نئی پراڈکٹ کے اجراء، خدمات اور ٹیکنالوجی کے حصول کے لئے اپنے موجودہ شراکت داروں کے علاوہ دیگر افراد و سرمایہ کاروں سے بھی فنڈز و سرمایہ کاری حاصل کر سکتی ہیں۔ اس سہولت سے کمپنیوں کے لئے سرمائے کا حصول آسان ہو گیا ہے اور وہ اب نقد رقم (کیش) کے علاوہ دیگر صورتوں جیسے کہ اثاثہ جات اور پراپرٹی کی صورت میں بھی سرمایہ کاری وصول کر سکیں گی۔ اس سہولت سے خاص طور پر ایسوسی ایئشن آف پرسنز کو کمپنی تشکیل دینے میں آسانی ہو گی اور وہ اپنے اثاثہ جات کمپنی کو منتقل کر سکیں گی۔ ایس ای سی پی کی جانب سے جاری سرکلر کے ذریعے کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 83 کی وضاحت کر دی گئی ہے۔ اس وضاحت کے مطابق تمام پرائیویٹ اور پبلک کمپنیاں کیش یا نقد رقم کے علاوہ دیگر اثاثہ جات و پراپرٹی کے عوض بھی شئیر ہولڈروں کو رائٹ ایشو کر کے سرمایہ حاصل کر سکتیں ہیں، تاہم اس کے لئے ایکٹ کے سیکشن 70 میں دی گئی شرائط کو پورا کرنا ہو گا۔ یہ سہولت سٹارٹ اپ اور چھوٹی کمپنیوں کو کاروبار کو فروغ دینے کے لئے دنیا میں کی جانے والی ریگولیٹری آسانیوں کے مطابق ہے۔ حال ہی میں ملائشیا اور نیوزی لینڈ نے اس آسانی کی فراہمی سے کاروباری آسانیوں کی درجہ بندی میں نمایاں بہتری حاصل کی۔ ایس ای سی پی پاکستان میں زیادہ سے زیادہ سرمایہ کاری اور کاروبار کو فروغ دینے کے لئے تسلسل کے ساتھ اصلاحات کر رہا ہے۔